# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**
**Dated : 08 September 2026**
**Time : 12:30 PM**

---

## آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین بٹ

## وزیراعظم

وزیراعظم نریندرمودی آج گجرات اور مہاراشٹرا کے دورے پر رہیں گے۔ وہ گجرات میں **35** ہزار کروڑ روپے سے زائد مالیت کے کئی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے اور دیگر کئی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وزیراعظم آج شام ممبئی میں گلوبل فِنٹیک فیسٹ کا افتتاح کریں گے۔

## لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت انسانی صلاحیتوں اور مشینوں کی جدت طرازی کو مربوط کر کے اقتصادی ترقی میں ایک اہم رول ادا کر سکتی ہے۔ امریکہ کے شہر شکاگو میں **IIT.BHU** کے گلوبل **Alumni Meet** سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کو انسانی ذہانت کی رہنمائی میں آگے بڑھایا جانا چاہئے تاکہ اس سے عالم انسانیت کی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جا سکے۔

انہوں نے اس موقعے پر پنڈت مدن موہن مالیا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے تقریب کے شرکاء سے کہا کہ انہیں آنے والی نسلوں کی ترقی کو مدِنظر رکھتے ہوئے بھارت میں سرمایہ کاری کرنی چاہئے۔

## IFFJK

انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں وکشمیر کے سلسلے میں آج دوسرے روز بھی مختلف سرگرمیاں جاری ہیں۔ سرینگر، گلمرگ اور جموں میں آج بھی کئی فلمیں سکرین کی جارہی ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ فیسٹیول کل شروع ہوا، جس کا افتتاح وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کیا۔ ایس کے آئی سی سی سرینگر میں افتتاحی رسم کے بعد کئی رنگارنگ تمدنی اور موسیقی کے پروگرام پیش کئے گئے۔ یہ فیسٹیول **10** ستمبر تک جاری رہے گا جس دوران **40** سے زائد ممالک کی **135** فلمیں سکرین کی جائیں گی۔

## اٹل ڈلو

اس سے قبل چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر کے **Inox** ملٹیپلکس میں فلم فیسٹیول کے تعلق سے فلموں کی سکریننگ کا باضابطہ آغاز کیا۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ آئندہ دنوں میں اس فلم فیسٹیول کے دوران بامعنی تبادلہ خیال اور شراکت داری کے نئے موقعے دستیاب ہوں گے۔
واضح رہے کہ فلم فیسٹیول کے دوران مختلف سے موصول ہوئیں **135** فلمیں سکرین کی جائیں گی۔

## فلم فیسٹیول جموں

دریں اثناء محکمہ اطلاعات وتعلقاتِ عامہ کے اہتمام سے جموں میں بھی انٹرنیشنل فلم فیسٹیول جموں وکشمیر کی افتتاحی رسم کے سلسلے میں ایک تمدنی پروگرام منعقد کیا گیا۔ **Wave** مال جموں میں منعقد کی گئی فلم فیسٹیول کی افتتاحی رسم کے موقعے پر کئی تمدنی اور ثقافتی پروگرام پیش کئے گئے۔

## پی آئی بی

کیرالہ سے تعلق رکھنے والے **13** صحافیوں پر مشتمل ایک گروپ جموں وکشمیر کے **7** روزہ دورے پر سرینگر پہنچ گیا ہے۔ اس دورے کا اہتمام پریس انفارمیشن بیورو کوچی نے کیا ہے۔ دورے کے پہلے روز گروپ کے ممبران نے سرینگر میں پی آئی بی کے ڈائریکٹر قاضی محمد سلمان کے ساتھ ملاقات کی۔ قاضی محمد سلمان نے انہیں جموں وکشمیر میں میڈیا اور مواصلات نیز سرینگر میں پی آئی بی کی سرگرمیوں کے بارے میں جانکاری دی۔

## کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کے بوٹنی شعبے کے اہتمام سے ''Plant resilience in a changing climate'' کے موضوع پر ایک روزہ انٹرنیشنل کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔اس کانفرنس کا افتتاح یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے تمام ممالک کو چاہیئے کہ وہ مربوط سائنسی اور سماجی لائحہ عمل تیار کریں۔اس کانفرنس میں امریکہ اور دیگر ممالک سے آئے ہوئے ماحولیات کے ماہرین نے شرکت کی۔

## ای ڈی آئی

نوجوانوں میں روزگاری کے حصول کے رجحان کو فروغ دینے کی غرض سے سرینگر میں جے کے ای ڈی آئی اور ایس پی کالج سرینگر کے باہمی اشتراک سے جونیئر لیول آئیڈیا چیلینج کے عنوان سے ایک پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔اس پروگرام میں ضلع سرینگر کے مختلف اسکولوں کے طلباء نے شرکت کی، جس دوران انہیں خود روزگار حاصل کرنے کے سرکاری اسکیموں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی۔

## سٹارٹ اَپس

اسی دوران این آئی ٹی سرینگر، آئی آئی ایم جموں اور ڈائریکٹوریٹ آف ایمپلائمنٹ نے مشترکہ طور پر ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے، جس کا مقصد بیروزگار نوجوانوں کی طرف سے شروع کئے جانے والے اسٹارٹ اَپس کے بارے میں جانکاری فراہم کرنے کے علاوہ اُن کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

## حاملہ خواتین

بانڈی پورہ ضلعے میں حاملہ خواتین اور بچوں کو دیئے جانے والے اضافی غذائیت کے سلسلے میں 32 ہزار 250 مستحقین کا اندراج کیا گیا ہے، جن میں 28 ہزار 450 بچے، ایک ہزار 958 دودھ پلانی والی مائیں اور ایک ہزار 840 حاملہ خواتین شامل ہیں۔اس بات کی جانکاری ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب کو سماجی بہبود محکمے کی جانب سے چلائی جارہی سپلیمنٹری نیوٹریشن پروگرام کی عمل آوری کا جائزہ لینے کے سلسلے میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران دی گئی۔

## یوم وصال

جموں وکشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ مرحوم شیخ محمد عبداللہ کے **44** ویں یوم وصال کے سلسلے میں آج نیشنل کانفرنس کے اہتمام سے کئی تقریبات منعقد ہو رہی ہیں۔ پارٹی کے لیڈران نے آج صبح مرحوم کے مقبرے پر گلباری اور فاتحہ خوانی کی۔

## لٹریسی ڈے

آج انٹرنیشنل لٹریسی ڈے منایا جا رہا ہے۔ اس موقعے پر تعلیم کے مرکزی وزیر پرلہاد جوشی نے کہا ہے کہ تعلیم،علم اور بہتر مستقبل کے دروازے کھولتی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ علم سیکھنے کے سفر میں پیچھے نہ رہیں، تاکہ وکست بھارت کی بنیاد مضبوط بن سکے۔

## گیس

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر مملکت سریش گوپی نے کہا ہے کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو شہری اور دیہی علاقوں میں رسوئی گیس کے **Refill** بکُنگ کیلئے **25** دن کے وقفے کو یکساں طور لاگو کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ یہ فیصلہ ملک میں رسوئی گیس کی دستیابی موجودہ صورتحال کے تناظر میں لیا گیا ہے۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ